PDMA
Provincial Disaster Management Authority
Sector B-2 Phase-V Hayatabad, Peshawar, Khyber Pakhtunkhwa.
Phone: (091) 9219635, 9219636 Fax: (091) 9219637
www.pdma.gov.pk

پی ڈی ایم اے اپڈیٹس:

مورخہ: 17جولائی، 2026

# گلاف ایڈوائزری

## پریس ریلیز

## پی ڈی ایم اے نے گلشیئر جھیل پھٹنے اور اچانک سیلاب کے خدشے پر الرٹ جاری کر دیا۔

پشاور: صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی خیبر پختونخوا نے 19 سے 25 جولائی کے دوران گلشیئر جھیل پھٹنے، اچانک سیلاب، لینڈ سلائیڈنگ اور مقامی سطح پر طغیانی کے خدشے کے پیش نظر حساس اضلاع کے لیے الرٹ جاری کر دیا ہے۔

پی ڈی ایم اے کے مطابق محکمہ موسمیات نے پیش گوئی کی ہے کہ 19 جولائی سے ایک مغربی موسمی سلسلہ شمالی علاقوں میں داخل ہوگا، جو جاری مون سون سسٹم کے ساتھ مل کر خیبر پختونخوا کے مختلف علاقوں میں درمیانی سے شدید بارشوں کا باعث بن سکتا ہے۔

زیادہ درجہ حرارت اور متوقع بارشوں کے باعث برف اور گلیشیئر تیزی سے پگھلنے کا امکان ہے، جس سے دریاؤں اور ندی نالوں میں پانی کی سطح اچانک بلند ہو سکتی ہے اور گلیشیئر جھیلوں کے پھٹنے کے واقعات کا خطرہ بڑھ سکتا ہے۔

پی ڈی ایم اے نے اپر چترال، لوئر چترال، اپر دیر، سوات، بحرین سوات، اپر کوہستان، لوئر کوہستان اور مانسہرہ کی ضلعی انتظامیہ کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ حساس علاقوں کی مسلسل نگرانی کی جائے، مقامی آبادی کو بروقت آگاہ کیا جائے، محفوظ مقامات اور انخلا کے مراکز کو ہر وقت تیار رکھا جائے اور ریسکیو و امدادی اداروں کو ہائی الرٹ رکھا جائے تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں فوری کارروائی کی جا سکے۔

تمام ضلعی انتظامیہ کو ہدایت کی گئی ہے کہ ممکنہ متاثرہ علاقوں میں انخلا کی مشقیں کرائی جائیں، ضروری مشینری اور ہنگامی سامان پہلے سے موجود رکھا جائے، جبکہ ریسکیو 1122، سی اینڈ ڈبلیو، این ایچ اے، ایف ڈبلیو او اور دیگر متعلقہ اداروں کے ساتھ مکمل رابطہ برقرار رکھا جائے تاکہ کسی بھی سڑک یا پل کی بندش کی صورت میں فوری بحالی ممکن بنائی جا سکے۔

پی ڈی ایم اے نے سیاحوں اور مقامی افراد کو ہدایت کی ہے کہ وہ دریاؤں، ندی نالوں، گلیشیئر جھیلوں اور تنگ پہاڑی وادیوں کے قریب غیر ضروری سفر اور قیام سے گریز کریں۔ شدید بارشوں کے دوران دریاؤں اور برساتی نالوں کو عبور کرنے سے اجتناب کریں کیونکہ پانی کے بہاؤ میں اچانک اضافہ جان لیوا ثابت ہو سکتا ہے۔

عوام سے اپیل کی جاتی ہے کہ ندی نالوں میں پانی کے رنگ میں اچانک تبدیلی، غیر معمولی شور یا پانی کی سطح میں تیزی سے اضافے کی صورت میں فوری طور پر محفوظ مقام پر منتقل ہو جائیں، مویشیوں اور ضروری سامان کو بھی محفوظ اور بلند مقامات پر منتقل کریں۔ پی ڈی ایم اے نے تمام متعلقہ اداروں کو ہدایت کی ہے کہ وہ صورتحال پر مسلسل نظر رکھیں اور کسی بھی ناخوشگوار واقعے کی صورت میں بروقت معلومات پی ڈی ایم اے کے ایمرجنسی آپریشن سنٹر کو فراہم کریں تاکہ امدادی کارروائیاں فوری طور پر شروع کی جا سکیں۔ پی ڈی ایم اے کا ایمرجنسی اپریشن سنٹر مکمل طور پر فعال ہے عوام کسی بھی ناخوشگوار واقعے کی اطلاع ٹول فری ہیلپ لائن 1700 پر دیں۔

ترجمان پی ڈی ایم اے، خیبر پختونخوا